Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Translation Studies) Course Work Examination - December - 2018

Paper - PHTS101CCT : Methodological Approaches in Research of Translation Studies

پرچہ: مطالعات ترجمہ کی تحقیق میں طریقہ جاتی طرز

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) یہ کس نے کہا تھا کہ ''اچھا محقق ہونے کے لئے اچھا مشکک ہونا ضروری ہے''؟

(a) ایلٹک (b) اسمتھ (c) فشر (d) پال

(ii) تسوید کسے کہتے ہیں؟

(a) کسی مضمون یا کتاب کا پہلا مسودہ لکھنا (b) کسی متن پر حاشیے لکھنا

(c) تعارفی فقرہ لکھنا (d) سنہ اور تاریخ لکھنا

(iii) تحقیق کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) فارسی (b) عربی (c) سنسکرت (d) ہندی

(iv) بیٹ سن کی رائے میں مقالے کا زیادہ تر حصہ کس پر مشتمل ہونا چاہیے؟

(a) تعارف (Introduction) (b) مسئلہ (Proposal)

(c) پھیلاؤ (Boost) (d) اپنی دریافت کی ترتیب سے پیش کش (Demonstration)

(v) ''تحقیق کا فن'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) میلارام (b) مالک رام (c) گیان چند (d) گوپی چند نارنگ

(vi) عنوان منتخب کرنے کے لئے درج ذیل اصول کس نے بیان کیے ہیں۔

۱- محقق کو موضوع سے ذاتی دلچسپی ہونی چاہئے۔ ۲- موضوع میں نیا پن ہونا چاہئے۔

۳- موضوع اہلیت کے دائرے میں ہونا چاہئے۔ ۴- موضوع پر مواد آسانی سے دستیاب ہونا چاہئے۔

(a) جے۔ایف۔رومیل (b) فریڈسن (c) ولیم جارج (d) اسمتھ

(vii) تحقیق کا اولین مرحلہ ہوتا ہے۔

(a) ابواب بندی (b) موضوع کا انتخاب

(c) خاکہ کی تیاری (d) موضوع سے متعلق مواد جمع کرنا

(viii) انگریزی اصطلاح "HEURISTICS" کا کیا مطلب ہے؟

(a) مختلف ماخذ سے مواد کی تلاش (b) تنقید کے ذریعے قابل اعتماد مخطوطات کا انتخاب

(c) ماخذ کی دریافت (d) مختلف نسخوں کا موازنہ

(ix) تحقیق کی یہ تعریف کس نے کی ہے کہ ''تحقیق میں دو خصوصیات لازمی ہیں ایک مسئلہ جو کسی ذریعے سے منتخب کیا ہو، دوسرے یہ کہ عالمانہ طریقے اور محتاط طور پر اس کا حل پالیا گیا ہو۔''

(a) چارٹرس (b) سیفرائڈ (c) کرافورڈ (d) پال

(x) تحقیق میں زیادہ زور دیا جاتا ہے۔

(a) تنقید پر (b) تخلیق پر (c) دریافت پر (d) مقالے کے حجم پر

حصہ دوم

2 خاکہ (Synposis) سے کیا مراد ہے۔ تحقیق میں اس کی کیا اہمیت ہے۔

3 تحقیق کی کتنی قسمیں ہیں تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

4 تدوین متن کے مختلف مراحل کا جائزہ لیجیے۔

5 ابواب بندی پر نوٹ لکھیے۔

6 ایک اچھے محقق کے اوصاف بیان کیجیے۔

7 تحقیق سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت اور افادیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

8 تحقیق کے لئے موضوع کا انتخاب کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

9 تحقیق کی اخلاقیات اور تقاضوں پر اظہار خیال کیجیے۔

حصہ سوم

10 تخلیق، تحقیق اور تنقید کے باہمی رشتوں پر روشنی ڈالیے۔

11 تحقیق کے مراحل کے متعلق اپنی معلومات کا تفصیلی طور پر اظہار کیجیے۔

12 تحقیق کے مختلف مآخذ کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

13 آپ کی پی۔ایچ۔ڈی کے لئے مجوزہ موضوع پر ایک جامع مضمون لکھیے۔

14 نگراں کے اوصاف اور محقق کی ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔

☆☆☆